الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	:	**abdul samad s/o abdul sattar**	Serial No	:	**18436**
Address	:	**karachi**	Date	:	**1/23/2013**
Subject	:	**JAIZ-NAJAIZ**	Contact No:		
Writer	:	امین اللہ	Email	:	

muhtaram janab mufti sahab .

kiya fermatey hai ulma-e-akram is masley k bich ?

mayri beyti ki shadi hai ? or meyrey pass allah tala ka deya howa sub kuch hai . may apni beyti ko achai sey acha jeyheyz de sakta hon . or may kiya nika ka din khana kar sakta hon ?
meyri beyti k susral waley jeyhez ley ney k leya tayaer hai .
mager meyrey ghar khana khaney k leeya nahe aey gey? wo kheytey hai k (larki waloo k ghar nika ka khana najaiz hai dula or in k ghar walo k leeya ?) bar-e-mehrbani tafsely jawab inayat fermaey aen nawazish ho gi .

میری بیٹی کی شادی ہے۔ اور میرے پاس اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا سب کچھ ہے۔ میں اپنی بیٹی کو اچھی سے اچھی چیزیں دے سکتا ہوں۔ کیا میں نکاح کے دن کھانا کرسکتا ہوں؟ میری بیٹی کے سسرال والے جہیز لینے کیلئے تیار ہیں لیکن میرے گھر کھانا کھانے کیلئے نہیں آئینگے وہ کہتے ہیں کہ لڑکی والوں کے گھر نکاح کا کھانا ناجائز ہے دولہا اور ان کے گھر والوں کیلئے۔ براہ کرم تفصیلی جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

یہ بات درست ہے کہ اس موقع پر لڑکی والوں کیطرف سے دعوت وغیرہ مسنون ومستحب نہیں۔ جبکہ اپنی وسعت کے موافق سامانِ جہیز دینا بھی جائز اور درست ہے۔ البتہ نکاح والے دن محض آنے والے مہمانوں کی چائے پانی وغیرہ سے تواضع کی جائے تو اس میں شرعاً حرج بھی نہیں بلکہ مہمان کا اکرام ہے۔ تاہم اسے شادی کی سنتوں، مستحبات یا آداب میں شمار کرنا درست نہیں اس سے احتراز چاہیے۔

وفی العالمگیریۃ: ووليمة العرس سُنة وفيها مثوبة عظيمة وهی اذا بنی الرّجل بامراته ينبغی أن يدعوا الجيران الخ (ج۵ ص۳۴۳)۔

وفی صحیح البخاری: عن ابی هريرة رضؓ قال قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه" (ج۲ ص۹۰۶) واللہ اعلم

محمد امین اللہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۹-۸-۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۰-۸-۱۴۳۴ھ

[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۲۰ [illegible] ۱۴۳۴ھ

2/9/13